# 24-10-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ تلنگانہ حکومت نے کرنول بس حادثے میں مرنے والوں کے لواحقین کو فی کس پانچ لاکھ روپے اور زخمیوں کو دو لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔

۲۔ وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ روزگار میلہ ملک کے نوجوانوں کے خوابوں کی تکمیل کا ذریعہ بن گئے ہیں۔

۳۔ وزیراعظم نریندر مودی اتوار کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی ممالک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔

اور

۴۔ تلنگانہ کے مختلف اضلاع کے کئی مقامات پر آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران شدید بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

Fie Accident:

تلنگانہ حکومت نے کرنول بس حادثے میں مرنے والوں کے لواحقین کو فی کس پانچ لاکھ روپے اور زخمیوں کو دو لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔ اس حادثے میں 19 افراد کی موت ہوئی ہے جن میں 6 کا تعلق ریاست تلنگانہ سے ہے۔ ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے کہا کہ زخمیوں کو بہتر علاج کی فراہمی کے لئے تمام ضروری اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اس موقع پر ریاستی وزیر نے سخت انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کے قواعد کی خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف کارروائی کی جائے گی اور ان فٹ بسوں کو ضبط کرلیا جائے گا۔ آل انڈیا مجلس اتحادالمسلمین کے صدر اسدالدین اویسی نے اِس حادثہ پر دکھ کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔ آج کی ابتدائی ساعتوں میں حیدرآباد سے بنگلور جارہی بس کو آندھراپردیش کے کرنول ضلع میں چینا ٹیکور کے قریب آگ لگ گئی۔ کرنول کی ضلع کلکٹر اے سری نے

بتایا کہ 11 نعشوں کی شناخت ہوچکی ہے جبکہ دیگر نعشوں کی شناخت کی جارہی ہے۔انہوں نے بتایا کہ رات کے تقریباً 3 بجے یہ حادثہ پیش آیا۔بس میں 41 افراد سوار تھے جن میں دو ڈرائیورس بھی شامل تھے۔ کلکٹر نے مزید کہا کہ بس نے ایک بائیک کو ٹکر ماری تھی اور بائیک بس کے نیچے پھنس گئی تھی۔اسی دوران بائیک سے پٹرول لیک ہونے کے سبب بس کو آگ لگ گئی۔زخمیوں کو کرنول گورنمنٹ دواخانہ منتقل کیا گیا۔

PM Rozgar Mela:

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ روزگار میلہ ملک کے نوجوانوں کے خوابوں کی تکمیل کا ذریعہ بن گئے ہیں۔وزیراعظم نے نئی دہلی میں 17 ویں قومی روزگار میلہ سے ویڈیو میسیج میں یہ بات کہی۔اس دوران مختلف سرکاری محکموں اور اداروں میں روزگار پانے والے 51 ہزار سے زیادہ افراد کو تقرر نامہ حوالہ کئے گئے۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ حالیہ عرصہ میں اِن روزگار میلوں کے ذریعہ 11 لاکھ سے زیادہ تقرر نامے دئے جاچکے ہیں۔اِس دوران وزیراعظم نے وکست بھارت یوجنا کا آغاز کیا جس کے تحت نوجوانوں کو ساڑھے تین کروڑ ملازمتیں فراہم کی جائیں گی۔

Sound Byte. PM

اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ ترقی یافتہ ہندوستان کے نصب العین کو حاصل کرنے کے لئے ملک نے گزشتہ 11 برسوں کے دوران کئی اقدامات کئے ہیں جس میں نوجوانوں کا بھی اہم رول ہے۔مودی نے کہا کہ نوجوانوں کو با اختیار بنانا بی جے پی این ڈی اے حکومت کی ترجیح ہے۔

Kishan Reddy:

مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی نے آج کنگ کوٹھی حیدرآباد میں واقع بھارتیہ ودیا بھون میں منعقدہ روزگار میلہ میں شرکت کی۔اس موقع پر مرکزی وزیر نے کہا کہ سال 2047ء تک ملک کو ترقی یافتہ بنانے کے سفر میں نوجوانوں کا اہم کردار رہے گا۔کشن ریڈی نے اس موقع پر کئی افراد کو تقرر نامے حوالہ کئے۔

روزگار پانے والوں کو مبارکباد دیتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ حیدرآباد میں 80 امیدواروں کو تقرر نامے حوالہ کئے گئے۔ کشن ریڈی نے کہا کہ مرکزی حکومت نے گزشتہ دو برسوں کے دوران 12 لاکھ سرکاری ملازمتیں فراہم کی ہیں جبکہ خانگی شعبہ میں روزگار کے کروڑوں مواقع پیدا کئے ہیں۔ روزگار حاصل کرنے والے نوجوانوں نے اس موقع پر خوشی کا اظہار کیا اور حکومت کا شکریہ ادا کیا۔

Sound Byte.

Weather:

تلنگانہ کے مختلف اضلاع کھمم نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، محبوب آباد، یادادری بھوانگری، محبوب نگر، ناگر کرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ، جوگولامبا گدوال کے مختلف مقامات پر آئندہ 24 مقامات پر شدید بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ آئندہ 7 دنوں کے دوران ریاست کے کئی مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کا امکان رہے گا۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے چند مقامات پر بارش ہوئی ہے۔

Sridhar Babu:

آسٹریلیا کے سرکاری دورہ کے دوران تلنگانہ کے وزیر آئی ٹی ڈی سریدھر بابو نے آج وکٹوریہ پارلیمنٹ کا دورہ کیا۔ جہاں لیجسلیٹیو کونسل گورنمنٹ وہپ لی ٹرلامس اور پارلیمنٹری سکریٹری شیناواٹ نے ان کا خیر مقدم کیا۔ اس ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے رہنماؤں نے قانون سازی کے طریقہ کار، پارلیمانی حکمرانی اور عوامی جوابدہی کے موضوع پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ سریدھر بابو نے کہا کہ قانون سازی کے عمل میں عوام کی زیادہ سے زیادہ شمولیت کے ذریعہ ہی جوابدہی اور شفافیت کو مضبوط کیا جاسکتا ہے۔ سریدھر بابو نے آسٹریلیائی قانون سازوں کو تلنگانہ کے ترقی پسند قانون سازی کی روایات، حکمرانی میں اصلاحات اور شفافیت و شہریوں کی شمولیت کو فروغ دینے کیلئے ڈیجیٹل سطح پر کئے جارہے اقدامات

سے واقف کروایا۔ آسٹریلیائی حکومت کی جانب سے جاری کردہ ایک بیان میں کہا گیا کہ دونوں رہنما ٹرلامیس اورواٹ نے تلنگانہ اور وکٹوریہ کے درمیان ادارہ جاتی اشتراک کرنے پر اپنی آمادگی ظاہر کی ہے۔

Withdrawn

جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ کے ضمنی انتخاب کیلئے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کا عمل مکمل ہوگیا ہے۔ جملہ 58 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ الیکشن عہدیداروں نے توثیق کی ہے کہ آخری تاریخ سے قبل 23 امیدواروں نے اپنی نامزدگی واپس لے لی ہے۔ جوبلی ہلز سیٹ پر کامیابی کیلئے سبھی اہم سیاسی جماعتیں کافی زور لگا رہی ہیں۔ حلقہ میں مختلف پارٹیوں کی جانب سے انتخابی تشہیر زور و شور سے جاری ہے۔ کانگریس نے نوین یادو کو ٹکٹ دیا ہے جبکہ بی آر ایس نے ماگنٹی سونیتا کو اپنا امیدوار بنایا ہے اور ایل دیپک ریڈی بی جے پی کے امیدوار ہیں۔

delegates

ساؤتھ ویسٹ ایرلائنس نے حیدرآباد میں اپنا گلوبل اینوویشن سنٹر قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ساؤتھ ویسٹ ایرلائن کے چیف انفارمیشن آفیسر لارن ووڈس اور چیف ٹکنالوجی آفیسر ٹام میرٹ نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے ملاقات کے بعد اِس بات کا اعلان کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے امریکہ کی ایک بڑی کمپنی کے شہر میں سرمایہ کاری کے اعلان کا خیرمقدم کیا۔

CEO

چیف الیکٹورل آفیسر سدرشن ریڈی نے بتایا کہ ووٹنگ کے عمل کو خوشگوار اور آسان بنانے کے لئے جوبلی ہلز حلقہ کے تمام پولنگ مراکز پر بنیادی سہولیات اور ہیلپ ڈسک دستیاب رہیں گے۔ چیف الیکٹورل آفیسر نے کہا کہ پہلی مرتبہ پولنگ مراکز کے باہر موبائل فون ڈپازٹ کاؤنٹر بھی دستیاب رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ معمر شہریوں اور معذوروں سمیت ہر کسی کیلئے ووٹنگ کے عمل کو آسان بنانے کے لئے انتظامات کئے جارہے ہیں۔

Invite

پنجاب کے کابینی وزرا سنجیوا روڑہ اور گرمیت سنگھ نے آج حیدرآباد میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے ملاقات کی اور انہیں گرو تیغ بہادر کے 350 ویں یوم شہادت کے ضمن میں منعقد کئے جارہے ایونٹس میں حصہ لینے کیلئے مدعو کیا۔ پنجاب کے تاریخی شہر آنند پور صاحب میں 30 نومبر سے ان تقاریب کا آغاز ہوگا۔اس موقع پر پنجاب کے وزرا نے بتایا کہ گرو تیغ بہادر کی شہادت کا واقعہ ہمیں قربانی، روحانی طاقت اور اتحاد کا درس دیتا ہے اور انہوں نے مختلف طبقات کے درمیان یکجہتی کو فروغ دینے پر زور دیا۔

Rajnath

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے راجستھان کے جیسلمیر میں آرمی کمانڈرس کانفرنس کی صدارت کی۔ یہ کانفرنس اعلیٰ سطح کا ادارہ جاتی فورم ہے جس میں فوج کی اعلیٰ قیادت ، سیکورٹی صورتحال ، آپریشنل ترجیحات پر غوروخوص کرتی ہے اور اہم پالیسی فیصلہ کرتی ہے۔وزیر دفاع نے چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انیل چوہان کے ہمراہ سیکورٹی کی صورتحال کا جائزہ لیا اور فوج کی آپریشنل صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے کی حکمتِ عملی پر تبادلہ خیال کیا۔اِس کانفرنس کے دوران وزیر دفاع نے فوجیوں اوران کے خاندان والوں کی مدد کیلئے تیار کردہ مختلف ایپس، اوپکرن ہیلپ لائن ایپ، سینک یاتری مترا ایپ اور نمن کیندرا کا آغاز کیا۔

PM - MANN KI BAAT:

وزیراعظم نریندر مودی اتوار کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی ممالک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 127 واں اپی سوڈ رہے گا۔آکاش وانی اور دوردرشن کے تمام نٹ ورکس کے علاوہ اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایئر موبائل ایپ پر پروگرام نشر ہوگا۔ ہندی نشریات کے بعد علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام دوبارہ نشر ہوگا۔تمام آکاش وانی حیدرآباد کیندر پر اسی روز رات 8 بجے من کی بات پروگرام تلگو میں دوبارہ نشر ہوگا۔

OO